علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیۂ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ سیرت سٹڈیز)

وارننگ

عزیز طلبہ !آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری '' Plagiarism پالیسی کے مطابق سزادی جائے گی۔

مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ

6 کریڈٹ آورز کورس	مقررہ تاریخ	3 کریڈٹ آورز کورس	مقررہ تاریخ
مشق نمبر 1	10-06-2026	--	--
مشق نمبر 2	06-07-2026	مشق نمبر 1	06-07-2026
مشق نمبر 3	31-07-2026	--	--
مشق نمبر 4	20-08-2026	مشق نمبر 2	20-08-2026
نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے			

کورس: مطالعہ قرآن حکیم (389) سمسٹر: بہار، 2026ء

سطح: ایف اے (درس نظامی)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

(ہدایات برائے میٹرک، ایف اے، بی اے پروگرامز)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

4- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5- غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100 **امتحانی مشق نمبر 1** کامیابی کے نمبر:40

(یونٹ:1-4)

سوال نمبر1- سورہ یونس کا تعارف تحریر کریں نیز اس کے پہلے رکوع میں سے حروف جارہ کی فہرست بنائیں۔ (20)

سوال نمبر2- سورہ یونس کے رکوع نمبر دو کے مضمون کا خلاصہ تحریر کریں نیز اس رکوع کے مشکل الفاظ کے معانی تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر3- سورہ یونس کے رکوع نمبر پانچ سے فعل ماضی، مضارع اور حروف جارہ کا چارٹ بنائیں نیز ان کلمات کے معانی بھی تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر4- سورہ یونس کے رکوع نمبر سات کا لفظی و بامحاورہ ترجمہ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر5- سورہ ہود کا تعارف تحریر کریں نیز اس کے پہلے رکوع کا سلیس ترجمہ لکھیں۔ (20)

کل نمبر:100 **امتحانی مشق نمبر 2** کامیابی کے نمبر:40

(یونٹ:5-9)

سوال نمبر1۔ سورہ ہود کے رکوع نمبر تین کا لفظی و سلیس ترجمہ کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ سورہ ہود کے رکوع نمبر پانچ کا سلیس ترجمہ تحریر کریں نیز اس رکوع میں مذکور مرکب اضافی کی فہرست بنا کر ان کے معانی لکھیں۔ (20)

سوال نمبر3۔ سورہ ہود کے رکوع نمبر چھ میں بیان ہونے والا واقعہ تحریر کریں نیز اس رکوع میں مذکور حروف جارہ کی فہرست بنائیں۔ (20)

سوال نمبر4۔ سورہ ہود کے رکوع نمبر آٹھ میں بیان ہونے والا واقعہ تحریر کریں نیز اس رکوع سے افعال کی فہرست بنائیں۔ (20)

سوال نمبر5۔ سورہ ہود کے رکوع نمبر ے میں مذکور افعال کی فہرست بنا کر ان کے معانی لکھیں۔ (20)

کل نمبر:100 **امتحانی مشق نمبر 3** کامیابی کے نمبر:40

(یونٹ:10-14)

سوال نمبر1۔ سورہ ہود کے آخری رکوع کا لفظی و سلیس ترجمہ کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ سورہ یوسف کا تعارف تحریر کریں نیز اس سورت کے مضامین کا خلاصہ نکات کی صورت میں تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ سورہ یوسف کے رکوع نمبر تین کا سلیس ترجمہ کریں نیز اس رکوع میں مذکور حروف جارہ کی فہرست بنائیں۔ (20)

سوال نمبر4۔ سورہ یوسف کے ابتدائی تین رکوع میں مذکور افعال کی فہرست بنا کر ان کا ترجمہ کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ سورہ یوسف کے رکوع نمبر ۵ کا سلیس ترجمہ تحریر کریں۔ (20)

کل نمبر:100 **امتحانی مشق نمبر 4** کامیابی کے نمبر:40

(یونٹ:15-18)

سوال نمبر1۔ سورہ یوسف کے رکوع نمبر سات کا لفظی و سلیس ترجمہ کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ سورہ یوسف کے رکوع نمبر نو کا لفظی و سلیس ترجمہ کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ سورہ الرعد کا تعارف اور اس کے پہلے رکوع کا سلیس ترجمہ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ سورہ الرعد کے ابتدائی تین رکوع میں سے افعال ماضی کو الگ کر کے ان کا ترجمہ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ سورہ ابراہیم کا تعارف اور پہلے رکوع کا سلیس ترجمہ تحریر کریں۔ (20)